**16/01/2025**

**07.40 PM**

# Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

اب آپ مبشر رفاعی سے خبریں سُنئے

ہیڈ لائنز

پہلے خاص خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

☆............مرکزی سرکار نے اپنے ملازمین کیلئے 8 ویں مرکزی تنخواہ کمیشن کے قیام کو دی منظوری۔

☆............ بھارتی خلائی تحقیق تنظیم نے دو سیٹلائٹس کی کامیاب ڈاکنگ کر کے خلائی شعبے میں کی نمایاں پیش رفت حاصل۔

☆............ملک میں سٹارٹ اپ انڈیا کے نو برس مکمل// وزیر اعظم نریندر مودی نے سٹارٹ اپ کلچر کو فروغ دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات کرنے کا دلایا یقین۔

اور

☆............وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ’’اُمید‘‘ پروگرام کو مزید مستحکم بنانے کے سرکار کے عزم کا کیا اعادہ۔

کابینہ میٹنگ

نئی دلی میں وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں آج مرکزی کابینہ کی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں آندھرا پردیش سری ہری کوٹا میں اسرو کے ستیش دھون سپیس سینٹر میں تین ہزار985 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے تیسرے لانچگ پیڈ کو منظوری دی۔ مرکزی سرکار نے اپنے ملازمین کیلئے 8ویں مرکزی پے کمیشن کے قیام کو بھی منظوری دی ہے۔اس بارے میں مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے ذرائع ابلاغ کو جانکاری دیتے ہوئے کہا۔

............Byte.....(Ashvani Vaishnaw)...

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے سری ہری کوٹا میں اسرو کے ستیش دھون سپیس سینٹر میں تیسرے لانچگ پیڈ کو منظوری دینے کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا ہے۔

اِسرو

بھارتی خلائی تحقیق تنظیم اسرو نےSpaDex مشن کے تحتChaserاور ٹارگٹ نامی دو سٹیلائٹس کی کامیاب Space Docking کر کے ایک تاریخی سنگ میل حاصل کیا ہے۔ امریکہ، روس اور چین کے بعد بھارت چوتھا ملک بن گیا ہے جس نے یہ پیش رفت حاصل کی ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے یہ کارنامہ حاصل کرنے اور ملک کی خلائی صلاحیتوں کو بلندیوں تک لے جانے کیلئے اسرو کے سائنس دانوں اور انجینئروں کو مبارکباد دی ہے۔

جتیندر اِسرو

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے اندرونِ ملک تیار کئے گئےDockingنظام کے تحت دو سیٹلائٹس کیDocking کرنے کیلئے اسرو کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پیش رفت سے اسرو کے دیگر خلائی پروجیکٹوں کو کامیابی سے ہمکنار کرانے میں مدد ملے گی۔

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے اسرو کی طرف سے سیٹلائٹس کی کامیاب Docking کرنے کیلئے ٹیم اسرو کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ اس کامیابی سے گگن یان کے مستقبل کے منصوبوں کو دوام بخشنے اور خلائی شعبے کو نئی بلندیوں تک لے جانے میں مدد ملے گی۔

سٹارٹ اپ

ملک میں آج سٹارٹ اپ انڈیا پروگرام کے نو برس مکمل ہو گئے ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں سٹارٹ اپ کلچر کو تقویت بخشنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرے گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلے 9 برسوں کے دوران اس اصلاحاتی پروگرام سے لاتعداد نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور ان کے اختراعی خیالات کو کامیاب سٹارٹ اپس میں تبدیل کرنے میں مدد ملی ہے۔

رپورٹ

سٹارٹ اپ انڈیا پہل کے تحت ملک میں ایک لاکھ 54 ہزار سٹارٹ اپ شروع کئے گئے ہیں اور مجموعی طور پر ان کی بدولت براہ راست روزگار کے 17 لاکھ مواقعے پیدا ہوئے ہیں۔ اس تعلق سے کشمیر میں کامیابی کی ایک داستان سے متعلق ہمارے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر نے یہ رپورٹ تیار کی ہے۔

..................V/o......(Tariq Rather)...............

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ''اُمید'' پروگرام کو مزید مستحکم اور نتیجہ خیز بنانے کے سرکار کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ آج جموں میں ''لکھ پتی دیدی سمیلن'' سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پروگرام کی کامیابی کیلئے اسکی عمل آوری کے طرز کو آسان بنانے کے ساتھ ساتھ درکار رقومات کو بروقت واگذار کیا جائے گا۔

انہوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ جموں و کشمیر میں ''امید'' سکیم کے تحت 12 ہزار سے زیادہ لکھ پتی دیدی کو بااختیار بنایا گیا ہے۔ اس موقعے پر 2 ہزار 16 سیلف ہیلپ گروپس میں 50 کروڑ روپے اور کلسٹر سطح کی 165 فیڈریشنز میں 2 کروڑ 31 لاکھ روپے کے قرضے کی رقم ای موڈ کے ذریعے واگذار کی گئی۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ مقامی صنعتیں روزگار پیدا کرنے اور اقتصادیات کو دوام بخشنے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ وہ آج شہیدی چوک جموں میں JKI شوروم میں ملازمین کے ساتھ بات کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مقامی صنعت کاری کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔

نشہ

ملک کو نشے کی لعنت سے پاک کرنے کیلئے انفرادی اور اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

……………Byte (PM)……………

ادھر جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کے خاطر خواہ نتائج سامنے آرہے ہیں۔ وادی کے ایک نامور قلم کار انجینئر شبنم بشیر نے شعبہ خبر
کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا۔

……………Byte (Shbnam Bashir)……………

گرفتاری

اس دوران پولیس نے منشیات کے غیر قانونی کاروبار کے خلاف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئے 4 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا ہے۔ گرفتار کئے گئے ڈرگ سمگلروں کی پہچان ڈونی واری لولاب کے اشفاق پرے، اوڑی کے سلیم خان، بچھوارہ ڈلگیٹ سرینگر کے عاقب صوفی اور مائسمہ سرینگر کے عاشق حسین کے بطور ہوئی ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔

DC سرینگر

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے بخشی اسٹیڈیم سرینگر کا دورہ کر کے وہاں یوم جمہوریہ کی تقریبات کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے مختلف محکموں کے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ قومی سطح کے اس پروگرام کے کامیاب انعقاد کیلئے باہمی تال میل کیساتھ کام کریں۔
شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

..................Byte.....(DC Sgr)...........

مہا کنبھ

اُتر پردیش کے پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ جاری ہے اور اب تک کافی تعداد میں شردھالوں نے وہاں پوتر سنان میں حصہ لیا ہے۔مہا کنبھ 26 فروری تک جاری رہے گا۔

..........................Music..........................

وینٹر گیمز

کھیلو انڈیا وینٹر گیمز کے تحت گلمرگ میں 22 سے 25 فروری تک سنو گیمز کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔کھیلو انڈیا کے تعلق سے شہرۂ آفاق سیاحتی مقام گلمرگ میں بھی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔اس بارے میں گلمرگ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے CEO طارق نائیکنے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

............Byte (CEO)......................

RTO

شہر سرینگر میں صبح اور شام کے اوقات ٹرانسپورٹ کی معقول دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے سمارٹ سٹی لمیٹیڈ کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔اس بارے میں RTO کشمیر قاضی عرفان نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

۔۔۔۔Byte.....RTO

انہوں نے کہا کہ لوگ ٹرانسپورٹ ضروریات سے متعلق RTO کے دفتر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

C/S

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج ریزرو بینک آف انڈیا کی طرف سے منعقد کی گئی یوٹی سطح کی 35ویں کارڈینیشن کمیٹی میٹنگ کے دوران غیر قانونی بینکنگ سے جڑے امور کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر انہوں نے دھوکہ دہی میں ملوث فراڈ ویب سائٹوں اور ایپس کے خلاف سخت کاروائی کی ضرورت پر زور دیا۔

NC

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سکریٹری ڈاکٹر شیخ مصطفیٰ کمال نے آج جموں میں کئی عوامی وفود اور پارٹی کارکنوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انکی پارٹی جموں وکشمیر کے تمام خطوں کے لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لئے کام کرتی رہے گی۔

BJP

بھارتیہ جنتا پارٹی جموں کشمیر کی طرف سے آج سرینگر میں ملکی آئین کے معمار بھارت رتن ڈاکٹر بی آر امبیڈکر بے مثال نظریے اور روایات کے اعزاز میں ایک خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جموں کشمیر بھارتیہ جنتا پارٹی کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے قوم کے تیئں ڈاکٹر امبیڈکر کے رول اور سماج کے پچھڑے طبقوں کے حقوق کی پاسداری کرنے سے متعلق ان کے کام کو اجاگر کیا۔

پولیس

پولیس نے بڈگام اور سوپور میں آج نئے فوجداری قوانین سے متعلق بیداری پروگرام کا انعقاد کیا۔اُدھر پولیس نے اننت ناگ ضلعے کے مختلف علاقوں میں برفباری اور سڑک پر پھسلن کے دوران پھنسے ہوئے لوگوں کی مدد کی اور انہیں اپنے اپنے مقامات پر پہنچانے میں مدد کی۔

حلف

جسٹس کے ونود چندرن نے آج سپریم کورٹ آف انڈیا کے جج کی حیثیت سے حلف لیا۔ چیف جسٹس آف انڈیا جسٹس سنجیو کھنہ نے انہیں عہدے کا حلف دلایا۔

شاہراہ

شہر سرینگر میں آج دن بھر مطلع ابر آلود رہا اور سردی میں قدرے اضافہ درج کیا گیا۔ وادی کے کئی بالائی علاقوں میں ہلکی بارش اور برفباری ہوئی، تاہم سرینگر۔ جموں قومی شاہراہ گاڑیوں کی آمد ورفت کیلئے کھلی رہی۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 3 اعشاریہ 4 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 2 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 18 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7 بجکر 36 منٹ پر اور غروب آفتاب شام 5 بجکر 46 منٹ پر ہوگا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح 7 بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔

ہمیں دیجئے اجازت // خدا حافظ۔